مجلاتِ علمی شائع ہو رہے ہیں وہ بھی اس درجہ بلند معیار کے ہیں کہ انھیں دیکھکر بے ساختہ احسنت اور مرحبا کے الفاظ زبان سے نکلتے ہیں، غرض کہ یہ زمانہ اسلامی ممالک میں علم وفن کے شباب کا زمانہ ہے، اور یہ اسلام اور مسلمانوں کے مستقبل کے لئے ایک بڑی مبارک فال ہے۔

انتخاب الترغیب والترہیب

مولفہ: حافظ محدث ذکی الدین المنذری رح

ترجمہ: مولوی عبد اللہ صاحب دہلوی

اعمالِ خیر پر اجر و ثواب اور بدعملیوں پر زجر و عتاب پر متعدد کتابیں لکھی گئی ہیں لیکن اس موضوع پر المنذری کی اس کتاب سے بہتر کوئی کتاب نہیں ہے اس کے متعدد تراجم وقتاً فوقتاً ہوئے مگر نامکمل ہی شائع ہوئے۔ کتاب کی افادیت اور اہمیت کے پیش نظر اس کی ضرورت تھی کہ اس میں سے مکررات اور سندوں کے اعتبار سے کمزور حدیثوں کو نکال کر اصل متن تشریحی ترجمہ کے ساتھ ملا کر طبع کرایا جائے۔ ندوۃ المصنفین دہلی نے نئے عنوانوں اور نئی ترتیب کے ساتھ شائع کرنے کا پروگرام بنایا ہے جس کی پہلی جلد آپ کے سامنے ہے۔ اس جلد کے شروع میں حدیث اور اس کے متعلقات پر ایک مبسوط اور طویل مقدمہ بھی ہے اس کے بعد اصل کتاب مع تشریحی ترجمہ شروع ہوئی ہے۔ صفحات ۴۵۰ قیمت -/۱۲ مجلد -/۱۳

ندوۃ المصنفین اردو بازار جامع مسجد دہلی ۶